ایشیا

پاکستان: حکومت پنجاب اقلیّتی برادریوں کے مسائل حل کرنے میں سنجیدہ ہے۔ جانسن مائیکل

پنجاب اسمبلی کے اقلیّتی رکن اور وزیرِ اعلیٰ پنجاب کے مشیر جناب جانسن مائیکل نے بہاول پور میں اقلیّتی تنظیموں کے نمائندوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ "حکومت اقلیّتی برادری کے مسائل حل کرنے میں سنجیدہ ہے۔ اور ان کا معیارِ زندگی بلند کرنا چاہتی ہے۔ اس مقصد کے لیے پنجاب بھر میں ضلعی سطح پر اقلیّتی کونسلوں کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ ان کونسلوں کو مثالی اور مؤثر بنانے کے لیے جامع منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ (ماہنامہ "کلامِ حق" - گوجرانوالہ، جون - جولائی ۱۹۹۴ء)

یورپ

البانیہ: مسیحی آبادی میں بتدریج اضافہ ہورہا ہے۔

[سوینتھ ڈے ایڈونٹسٹ (فرقہ سبتین) کے ایک مجلّہ Signs of the Times نے دسمبر ۱۹۹۳ء اور مارچ ۱۹۹۴ء کے شماروں میں "البانیہ" کے بارے میں دو مختصر اطلاعات دی ہیں۔ ذیل میں ان "اطلاعات" کا ترجمہ پیش کیا جاتا ہے۔ مدیر]

"البانیہ یورپ میں کبھی سب سے زیادہ سیکولر ملک سمجھا جاتا تھا، مگر تیرانہ اور شکودر میں سرکاری جامعات کے سروے سے معلوم ہوا ہے کہ ۷۰ فیصد طلبہ وطالبات خدا پر ایمان رکھتے ہیں۔ البانیہ کے ۳۳ لاکھ باشندوں میں سے زیادہ تر کسی نہ کسی مذہب سے تعلق رکھنے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ مسلمان ۶۵ فیصد، آرتھوڈکس ۱۸ فیصد اور کیتھولک ۱۲ فیصد ہیں۔ مذکورہ بالا سروے سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ۸۴ فیصد طلبہ وطالبات مذہبی بنیاد پر امتیازی سلوک پسند نہیں کرتے۔"

"پیٹرک جانسن کے Operation World [عالمگیر اقدام] کے تازہ ترین ایڈیشن کے مطابق البانیہ میں پروٹسٹنٹ چرچ کے وابستگان میں ۳۹ فیصد سالانہ اضافہ ہورہا ہے۔ کمیونزم کے اِس